# اوکاڑہ کنٹونمنٹ بورڈ، اوکاڑہ چھاؤنی

(Corrigendum –تصحیح)

بحوالہ اشتہار ٹھیکہ برائے حقوق وصولی ہالٹیج روزنامہ سحر مورخہ 31.05.2025،روزنامہ ایکسپریس لاہور اور روزنامہ نیشن لاہور مورخہ 03.06.2025 اور پیپرا ویب سائٹ (TS563735E) مورخہ 02.06.2025 کے بارے میں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شرائط نمبر 02، 10 اور 18 درج ذیل ہو گی اور باقی تمام شرائط جوں کی توں رہیں گی۔

02- کامیاب بولی دہندہ کو پالیسی کے تحت کل بولی کا $1/5^{th}$ حصہ بطور سیکیورٹی موقع پر ہی جمع کروانا ہو گی۔ موقع پر سیکیورٹی جمع کروانے میں ناکام رہنے پر زربیعانہ مبلغ دس لاکھ روپے بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہو گا۔

10- ٹھیکیدار صوبائی اور وفاقی حکومت کی طرف سے عائد کردہ تمام ٹیکسز ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

18- یہ کہ اگر ٹھیکیدار نے معاہدے کی کسی شق و شرائط کی خلاف ورزی کی یا اوور چارجنگ کی تو کنٹونمنٹ بورڈ ٹھیکہ منسوخ کرنے کا مجاز ہو گا اور ٹھیکیدار کی جمع شدہ سیکورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہو گی۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

اوکاڑہ چھاؤنی۔

# اوکاڑہ کنٹونمنٹ بورڈ، اوکاڑہ چھاؤنی

## شرائط نیلام عام ہالٹیج فیس اوکاڑہ چھاؤنی

ہر خاص وعام کی اطلاع کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ چھاؤنی حقوق وصولی ہالٹیج فیس عرصہ مدت ایک سال کے لئے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں مورخہ 18 جون 2025 کو بوقت :1100 بجے دن کیا جائے گا۔ بولی نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ مورخہ 19 جون 2025 اور سہ بارہ مورخہ 20 جون 2025 کو ہو گی جس کی شرائط درج ذیل ہو نگی۔

| | |
|---|---|
| .1 | ہر بولی دہندہ کو بولی میں حصہ لینے سے قبل زربیعانہ مبلغ دس (10) لاکھ روپے کال ڈیپازٹ بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر اوکاڑہ چھاؤنی ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی جمع کروانا ہو گا۔ جو ماسوائے کامیاب بولی دہندہ کے باقی افراد کو بولی ختم ہونے کے بعد واپس کر دیا جائے گا۔ |
| .2 | کامیاب بولی دہندہ کو پالیسی کے تحت کل بولی کا 5th / 1 حصہ بطور سیکیورٹی موقع پر ہی جمع کروانا ہو گی۔ موقع پر سیکیورٹی جمع کروانے میں ناکام رہنے پر زربیعانہ مبلغ پانچ لاکھ روپے بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہو گا۔ |
| .3 | کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ کی پالیسی کے مطابق ایڈوانس انکم ٹیکس ماہانہ قسط کے ساتھ کینٹ بورڈ آفس میں جمع کروانے کا پابند ہو گا۔ |
| .4 | کامیاب فرم / ٹھیکیدار پہلے ماہ کی ایڈوانس قسط ادا کرے گا اور باقی 11 ماہ کی اقساط کے ایڈوانس چیک معاہدے سے پہلے جمع کروانے کا پابند ہو گا۔ |
| .5 | ٹھیکہ مجاز اتھارٹی / بورڈ کی حتمی منظوری کے بعد کامیاب بولی دہندہ کو دیا جائے گا۔ منظوری کے فوراً بعد فرم / ٹھیکیدار 07 یوم کے اندر اندر اپنے ہی خرچہ پر کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ کے ساتھ اشٹام پیپر پر تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہو گا اور تحریری معاہدہ سے پہلے منظور شدہ ٹھیکہ کا آغاز نہ کر سکے گا۔ |
| .6 | جمع شدہ 5th / 1 حصہ بطور سیکیورٹی کی رقم آخری اقساط میں ایڈجسٹ کی جائے گی۔ مزید براں جمع شدہ سیکیورٹی میں سے کل بولی کا ٪2 ٹھیکہ کی مدت ختم ہونے کے بعد آڈٹ مکمل ہونے کے بعد واپس کی جائے گی۔ اگر ٹھیکیدار ایگریمنٹ کی کسی بھی شق کی خلاف ورزی کرتا ہے تو بھی سیکیورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہو گی۔ |
| .7 | کامیاب بولی دہندہ بقیہ 11 ماہ کی اقساط ایڈوانس ہر ماہ کی 10 تاریخ تک جمع کروانے کا پابند ہو گا۔ 10 تاریخ تک قسط جمع نہ کروانے پر مبلغ 500 روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ ادا کرنے کا پابند ہو گا۔ 15 تاریخ تک ماہانہ قسط جمع نہ کروانے کی صورت میں ہالٹیج فیس کے حقوق وصولی ٹھیکیدار کے ہی نفع و نقصان پر کینسل کر دیئے جائیں گے اور جمع شدہ 5th / 1 حصہ کینٹ بورڈ کے حق میں ضبط تصور ہو گا۔ |
| .8 | کامیاب بولی دہندہ 14 ستمبر 2025 کو رات 00:00 بجے تک چارج لینے کا پابند ہو گا۔ ناکامی پر جمع شدہ زربیعانہ / سیکیورٹی ضبط کر لی جائے گی۔ |
| .9 | یہ کہ ٹھیکیدار ہالٹیج فیس درج ذیل شرح کے مطابق وصول کریگا اور شیڈول کے علاوہ اوور چارجنگ نہ کر سکے گا۔<br>ا۔ بس اے سی نان اے سی — مبلغ — -/150 روپے<br>۲۔ مزدہ، منی بس و کوسٹر — مبلغ — -/130 روپے<br>۳۔ ہائی ایس — مبلغ — -/100 روپے |
| .10 | یہ کہ ٹھیکیدار ایسی بسوں / ویگنوں سے جو کہ ہالٹیج فیس ادا کئے بغیر اڈا گیمبر سے مسافروں کو اتار / چڑھا کر گزر جائیں مقررہ فیس کا گیارہ گنا تک جرمانہ وصول کر سکے گا۔ |
| .11 | یہ کہ ٹھیکیدار اپنے ہی خرچہ پر شیڈول ریٹ سائن بورڈ ریکوری پوائنٹ پر آویزاں کرنے کا پابند ہو گا۔ |
| .12 | یہ کہ ٹھیکیدار ریکوری پوائنٹ پر ملازم کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کی اجازت سے رکھے گا اور اپنے ملازمین کی تنخواہ ٹھیکدار خود ادا کرے گا۔ |

| | |
|---|---|
| 13. | ٹھیکیدار اپنے ہی خرچہ پر ہالٹیج فیس پرچی کی کتابیں تیار کروائے گا اور دفتر کنٹونمنٹ بورڈ سے تصدیق کروا کر وصولی پرچی موقع پر ہی جاری کرے گا۔ خلاف ورزی پر قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ |
| 14. | یہ کہ ٹھیکیدار ہالٹیج فیس اسٹینڈ پر دیگر کسی قسم کا کاروبار نہیں کرے گا۔ |
| 15. | یہ کہ ٹھیکیدار کو اگر کسی وجہ سے نقصان ہو گا تو کنٹونمنٹ بورڈ پر اس کی کوئی ذمہ داری نہ ہو گی اور ٹھیکدار کسی قسم کی رعائیت کا مستحق نہ ہو گا۔ |
| 16. | ٹھیکیدار اور کنٹونمنٹ بورڈ کے درمیان تنازعہ کی صورت میں کیس ڈائریکٹر ملٹری لینڈز و کنٹونمنٹس، ملتان ریجن ملتان کو بھجوایا جائے گا جو بحیثیت ثالث(Arbitrator) ثالثی فیصلہ کریں گے۔ فیصلہ دونوں پارٹیوں کو منظور ہو گا اور اسے کسی بھی عدالت میں چیلنج نہ کیا جا سکے گا۔ |
| 17. | یہ کہ ٹھیکیدار کنٹونمنٹ بورڈ کی طرف سے عائد کردہ دیگر شرائط کا پابند ہو گا۔ |
| 18. | یہ کہ اگر ٹھیکیدار نے معاہدے کی کسی شق و شرائط کی خلاف ورزی کی تو کنٹونمنٹ بورڈ ٹھیکہ منسوخ کرنے کا مجاز ہو گا اور ٹھیکیدار کی جمع شدہ سیکورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہو گی۔ |
| 19. | مذکورہ ٹھیکے پر PPRA قوانین لاگو ہیں۔ |
| 20. | زیر دستخطی / کنٹونمنٹ بورڈ کو یہ حق حاصل ہو گا کہ وہ کسی ایک یا تمام بولیوں کو وجہ بتا کر (قبل از منظوری) PPRA قوانین کے تحت مسترد کر دے۔ |
| 21. | ٹھیکیدار کسی صورت میں کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ کو واجب الادا رقم کی معافی کی درخواست دینے کا مجاز نہ ہو گا۔ |
| | مزید معلومات کے لئے دفتر ہذا سے دفتری اوقات کار میں رابطہ کریں۔ |

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

اوکاڑہ چھاؤنی۔